سنن و آداب

مرتبہ

مکتبہ تفسیریہ

الجامعۃ التفسیریۃ شمس العلوم رحیم یار خان پنجاب

سنن وآداب

مرتبہ

جامعہ تفسیریہ شمس العلوم

الناشر

مکتبہ تفسیریہ

جامعہ تفسیریہ شمس العلوم

ابوظہبی روڈ رحیم یار خان موبائل: ۰۳۲۱-۶۷۰۳۳۹۳

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

نام کتاب	سنن وآداب	
مرتبہ	جامعہ تفسیریہ شمس العلوم	
طبع اول	۱۴۳۲	۱۱۰۰
طبع دوم	۱٤۳۳	۱۱۰۰
طبع سوم	۱٤۳٤	۱۱۰۰
طبع چہارم	۱٤۳٥	۲۲۰۰
طبع پنجم	۱٤۳٦	۲۲۰۰
طبع ششم	۱٤۳۸	۱۹۰۰
طبع ہفتم	۱٤۳۹	۲۲۰۰

﴿ناشر﴾

جامعہ تفسیریہ شمس العلوم ابوظہبی روڈ رحیم یار خان

موبائل: ۰۳۲۱_۶۷۰۳۴۹۴

﴿تعارف شمس العلوم﴾

مدرسہ شمس العلوم کا شمار برصغیر پاک وہند کے قدیم ترین دینی مدارس میں ہوتا ہے۔یہ مدرسہ تقریبا اڑہائی سو سال قبل ۱۱۷۵ھ کو ضلع رحیم یار خان کے مضافات میں واقع بستی مولویان میں قائم ہوا اور سالہا سال سے علم عرفان کی بارش برسا رہا ہے اور تشنگان علوم نبویہ کی سیر ابی کر رہا ہے۔

اس مدرسہ کا مرکز رحیم یار خان شہر میں جامعہ تفسیریہ شمس العلوم کے نام سے قائم ہے۔ جس میں الحمد للہ مکمل درس نظامی، شعبہ تخصص فی الفقہ، قرآن مجید حفظ وناظرہ، دورہ تفسیر، دورہ میراث، دورہ صرف ونحو اور شعبہ تبلیغ کا مکمل تعلیمی اصلاحی وتربیتی نظام موجود ہے۔

﴿شائقین علوم نبوت کے لئے نعمت عظمی﴾

جامعہ ہذا میں ہر سال یکم شعبان سے ۲۰ رمضان تک **"دورہ تفسیر"** اور یکم رجب سے ۳۰ رجب تک **"دورہ میراث"** باقاعدہ اہتمام سے پڑھایا جاتا ہے۔

فہرست

تعارف شمس العلوم ---------------- ۳

پیش لفظ ---------------- ۱۴

وضو کا مسنون طریقہ ---------------- ۱۶

مسنون طریقہ نماز ---------------- ۱۹

مردوں کے لیے مسنون طریقہ نماز ---------------- ۲۰

عورتوں کا مسنون طریقہ نماز ---------------- ۲۵

شوال کے چھ روزوں کی فضلیت ---------------- ۲۸

سلسلہ سنن وآداب (۱) ---------------- ۲۹

مسجد میں داخل ہونے کا طریقہ اور دعاء ---------------- ۲۹

مسجد سے نکلنے کی دعاء اور طریقہ ---------------- ۲۹

خلاء میں داخل ہونے کی دعاء اور طریقہ ---------------- ۲۹

خلاء سے نکلنے کی دعاء اور طریقہ ---------------- ۳۰

وضو کی ابتداء کی دعا اور فائدہ ---------------- ۳۰

وضو کے درمیان کی دعاء ---------------- ۳۰

وضو کے آخر کی دعاء ---------------- ۳۰

عشرہ ذی الحجہ کی فضیلت ---------------- ۳۱

سلسلہ سنن وآداب (۲) ---------------- ۳۲

اذان کا جواب دینے کا طریقہ ---------------- ۳۲

اذان کے بعد کی دعائیں ---------------- ۳۲

طعام کھانے کے آداب ---------------- ۳۳

برتن صاف کرنے کا فائدہ ---------------- ۳۳

طعام کھانے کی دعاء ---------------- ۳۴

طعام کے بعد کی دعاء ---------------- ۳۴

دستر خوان اٹھانے کی دعاء ---------------- ۳۵

دودھ پینے کے بعد کی دعاء ---------------- ۳۵

دعوت کھانے کے بعد میز بانوں کو یوں دعاء دیں۔ ---------------- ۳۵

سلسلہ سنن وآداب (۳) ---------------- ۳۶

سونے کا مسنون طریقہ ---------------- ۳۶

رات کے وظائف ---------------- ۳۶

علم وتقوی میں اضافہ کے لئے دعاء ---------------------------- ٣٨
سلسلہ سنن وآداب (۴) ------------------------------ ٣٩
صبح اور شام کے وظائف ------------------------------ ٣٩
صبح کی دعاء ------------------------------ ٣٩
شام کی دعاء ------------------------------ ٣٩
صبح وشام کی دعاء ------------------------------ ۴٠
رات کو پڑھنے والی آیات ------------------------------ ۴٠
آیۃ الکرسی کی فضیلت ------------------------------ ۴٠
اٰمَنَ الرَّسُوْلُ کی آیات کی فضیلت ------------------------------ ۴١
صبح وشام ایک تسبیح لَااِلٰہَ اِلَّااللہ ------------------------------ ۴١
کلمہ توحید کی فضیلت ------------------------------ ۴١
سلسلہ سنن وآداب (۵) ------------------------------ ۴٣
رات کا وظیفہ ------------------------------ ۴٣
صبح اور مغرب کی نماز کے بعد کا وظیفہ ------------------------------ ۴۴
ہر نماز کے بعد کا وظیفہ ------------------------------ ۴۴

سلسلہ سنن وآداب(۶) ---------------------- ۴۶

صبح اور شام کا وظیفہ---------------------- ۴۶

سید الاستغفار ---------------------- ۴۶

چھینک اور اس کا جواب ---------------------- ۴۷

صبح وشام کی تسبیح ---------------------- ۴۷

اسماء الحسنیٰ کی فضلیت---------------------- ۴۸

صلوۃ التوبۃ ---------------------- ۴۹

صلوۃ الحاجۃ ---------------------- ۴۹

سلسلہ سنن وآداب(۷) ----------------------۵۱

صلوۃ التسبیح ----------------------۵۱

سورۃ الاخلاص کی فضلیت ----------------------۵۱

سورۃ الکافرون کی فضلیت---------------------- ۵۲

سورۃ النصر کی فضلیت ---------------------- ۵۲

سورۃ الزلزال کی فضلیت ---------------------- ۵۲

سورۃ التکاثر کی فضلیت ----------------------۵۳

نصائح وآداب ---------------- ۵۳

پانچ قیمتی چیزیں ---------------- ۵۳

احترام استاد ---------------- ۵۴

بجلی کی کڑک کی آواز سنیں تو یہ پڑھیں ---------- ۵۴

سلسلہ سنن وآداب (۸) ---------------- ۵۵

جب کسی کو مصیبت میں مبتلاء دیکھیں تو پڑھیں ---------- ۵۵

صبح اور مغرب کی نماز کے بعد کا وظیفہ ---------- ۵۵

سورۃ حم دخان کی فضیلت ---------------- ۵۶

سوتے وقت کے دو وظیفے ---------------- ۵۶

سلسلہ سنن وآداب (۹) ---------------- ۵۷

کپڑا پہننے کی دعاء ---------------- ۵۸

نیا کپڑا پہننے کی دعاء ---------------- ۵۸

بارش کی دعاء ---------------- ۵۸

تیز ہوا اور آندھی کے وقت کی دعاء ---------- ۵۸

آداب دعاء ---------------- ۵۹

دعاء قبول ہونے کی حالتیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۵۹

سلسلہ سنن وآداب (۱۰) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۰

مجلس کے کفارہ کے لئے دعاء ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۰

بازار میں داخل ہوتے وقت کی دعاء ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۰

خرید و فروخت میں نقصان سے بچنے کے لئے دعاء ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۱

جب نیا پھل آئے تو یہ پڑھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۱

جب غصہ آئے تو پڑھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۱

سلسلہ سنن وآداب (۱۱) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۲

مسافر کو رخصت کرتے وقت کی دعاء ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۲

مسافر روانہ ہو جائے تو دعاء دیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۲

مسافر رخصت کرنے والے کو یہ دعاء دے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۲

سواری پر سوار ہوتے وقت کی دعاء ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۲

جب اونچی جگہ چڑھیں تو پڑھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۳

جب نیچے اتریں تو پڑھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۳

جب واپس ہوں تو پڑھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۳

جب کسی جگہ پر ٹھہریں تو پڑھیں ---------- ۶۳

سلسلہ سنن وآداب (۱۲) ---------- ۶۴

مرض اور مریض کے متعلق دعائیں اور آداب ---------- ۶۴

عیادت کرنے کے آداب اور فضیلت ---------- ۶۴

جب عیادت کے لئے جائے تو مریض پر سات مرتبہ پڑھے ---------- ۶۵

مریض کے پڑھنے کی دعائیں ---------- ۶۵

بخار اور درد سے آرام کی دعاء ---------- ۶۶

سلسلہ سنن وآداب (۱۳) ---------- ۶۷

دعاء استخارہ ---------- ۶۷

قومہ میں پڑھنے کی دعائیں ---------- ۶۷

دو سجدوں کے درمیاں پڑھنے کی دعائیں ---------- ۶۸

دعاء قنوت ---------- ۶۸

سلسلہ سنن وآداب (۱۴) ---------- ۶۹

نومولود کے متعلق سنتیں ---------- ۶۹

تجہیز وتکفین، غسل اور کفن کے مختصر احکام ---------- ۷۱

تجہیز و تکفین کے سامان کی مکمل فہرست ---------- ۷۳

غسل اور کفن کے مسائل ---------- ۷۴

غسل دینے والوں کے لئے چند ہدایات ---------- ۷۴

میت کو غسل دینے کا مفصل طریقہ ---------- ۷۵

کفن کا بیان ---------- ۷۷

مرد کے کفن کے مسنون کپڑے تین ہیں۔ ---------- ۷۷

عورت کا کفن ---------- ۷۸

مرد کو کفنانے کا طریقہ ---------- ۸۰

عورت کو کفنانے کا طریقہ ---------- ۸۱

خطبہ جمعہ (اول) ---------- ۸۴

خطبہ جمعہ (ثانی) ---------- ۸۶

خطبہ عید الفطر ---------- ۸۹

خطبہ عید الاضحی ---------- ۹۲

(عیدین کا دوسرا خطبہ) ---------- ۹۴

خطبہ نکاح ---------- ۹۷

صحابہ کرام کے نام ---------------------- ۹۸

صحابیات کے نام ---------------------- ۱۰۱

﴿سبق تجوید﴾ ---------------------- ۱۰۳

﴿آیات شفائیہ﴾ ---------------------- ۱۰۷

مصائب اور مشکلات کے ازالہ کے وظائف ---------------------- ۱۰۸

دل کی کمزوری کا وظیفہ ---------------------- ۱۰۹

معاشی تنگی سے نجات کا وظیفہ ---------------------- ۱۰۹

اصلاح کا آسان نسخہ ---------------------- ۱۱۰

دعا ادائیگی قرض ---------------------- ۱۱۱

یرقان سی/بی کا قرآنی آیات اور لیموں سے مجرب علاج ---------------------- ۱۱۲

دشمنوں سے مستور ہونے کا ایک عمل ---------------------- ۱۱۳

حصول اخلاص کی دعا ---------------------- ۱۱۴

وساوس سے بچنے کے لئے ---------------------- ۱۱۴

شرک اکبر اور شرک اصغر سے بچنے کے لئے ---------------------- ۱۱۴

حضرت خضر علیہ السلام کی تلقین کردہ دعاء ---------------------- ۱۱۴

دعاء انس رضی اللہ تعالی عنہ ------------------ ۱۱۵

دعاء ابو الدرداء رضی اللہ تعالی عنہ ------------------ ۱۱۶

قنوت نازلہ ------------------ ۱۱۷

پیش لفظ

الحمدللہ دینی مدارس اسلام کے قلعہ ہیں جہاں طلباء اپنے دلوں کو علم کی شمع سے روشن کرتے ہیں اور اپنے اندر عمل کا جذبہ پیدا کرتے ہیں اور یوں وہ علم اور عمل دونوں کے طالب بن کر اپنی زندگیوں کو سنوارتے ہیں۔ اور اللہ کی رضاء حاصل کرتے ہیں۔

الحمدللہ ہمارے ہاں جامعہ تفسیریہ شمس العلوم میں جہاں طلباء کی علمی صلاحیت کو نکھارا جاتا ہے وہیں ان کو عمل کی طرف بھی راغب کیا جاتا ہے۔ جس کے لئے باقاعدہ ایک نظام اور ترتیب ہے جس میں ماہانہ ختم قرآن، ماہانہ تین روزے، (سردیوں میں التزامی طور پر اور گرمیوں میں اختیاری) تہجد (سردیوں میں سحری کے وقت اور گرمیوں میں رات کو سوتے وقت) اوابین، اشراق، بعد از مغرب سلسلہ قادریہ کی ترتیب پر مجلس ذکر اور دوسرے نفلی اعمال کی پابندی کروائی جاتی ہے اور ماہانہ بنیاد پر ان اعمال کی جانچ پڑتال خود اساتذہ کرام فرماتے ہیں۔ اس کے علاوہ بروز جمعہ بعد نماز مغرب اصلاحی بیان ہوتا جس میں طلباء کو اخلاق حسنہ اور اعمال صالحہ کی ترغیب دی جاتی ہے۔

اور ہر سوموار نماز عصر سے آدھا گھنٹہ قبل خاص طلباء کرام کے لئے اصلاحی مجلس ہوتی ہے جس میں طلباء کو طلب علم کے آداب، اساتذہ کا ادب، مدرسے کا ادب، کتابوں کا ادب اور دوسرے اہم امور سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ اور طلباء میں سنتوں کی پابندی کے لئے باقاعدہ اسباق کی شکل میں سنن، دعاؤں اور آداب کا سبق ہوتا ہے۔

زیر نظر کتابچہ انہیں اسباق کا مجموعہ ہے جن کو ''سنن وآداب'' کا نام دیا گیا ہے۔ اس کی تخریج بھی کر دی گئی ہے جن کتابوں سے یہ دعائیں وغیرہ منقول ہیں ان کتابوں کا نام اور حدیث نمبر بھی درج کر دیا گیا ہے۔ اسی کے آخر میں ''مجرب وظائف'' کے عنوان سے قرآن وحدیث اور بزرگوں سے منقول مجرب وظائف کا اضافہ کیا گیا ہے۔

دعاء ہے کہ اللہ تعالی اس مجموعہ کو قبول فرمائیں اور جو شخص بھی اس کی اشاعت میں معاون رہا اللہ تعالی اس کے تعاون کو قبول فرمائیں اور نجات کا ذریعہ بنائیں۔

وضو کا مسنون طریقہ

وضو کرتے وقت قبلہ رخ ہو کر بیٹھنا مستحب ہے ”بسم اللہ والحمدللہ“ پڑھ کر پہلے تین مرتبہ گٹوں تک ہاتھ دھوئیں اور خلال کریں۔

خلال کرنے کے دو طریقے ہیں۔

(۱) دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف سے ایک دوسرے میں ڈال کر خلال کیا جائے۔ (۲) ایک ہاتھ کی ہتھیلی سے دوسرے ہاتھ کی پشت کی طرف سے انگلیوں کا خلال کیا جائے پہلے دائیں ہاتھ کا کریں پھر بائیں کا۔

خلال کرنے کے دو مواقع ہیں۔

(۱) ابتداء میں ہاتھ دھوتے وقت (۲) یا بعد میں بازو دھوتے وقت۔

پھر مسواک کریں تین مرتبہ۔

مسواک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مسواک دھو کر دائیں ہاتھ میں پکڑ کر منہ میں دائیں طرف سے (چوڑائی میں) لگانا شروع کیا جائے بائیں تک اسی طرح نچلے دانتوں میں کیا جائے پھر مسواک کو دھویا جائے اس طرح پھر دو مرتبہ کیا جائے۔ زبان پر کرنا ہو تو لمبائی میں کیا جائے۔ (مسواک پیلو یا زیتون یا نیم کا ہو)

پھر تین مرتبہ کلی کریں۔

کلی کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ سے پانی منہ میں ڈال کر اچھی طرح گھوما کر پھینکا جائے۔ پھر دائیں ہاتھ سے ناک میں پانی ڈال کر اوپر کھنچیں پھر باہر نکالیں اور بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے ناک صاف کریں یہ عمل تین بار کریں۔ پھر تین مرتبہ منہ دھوئیں، سر کے بالوں سے لے کر ٹھوڑی تک اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک سب جگہ پانی بہائیں۔

پھر داڑھی کا خلال کریں۔

داڑھی کے خلال کا طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ سے ٹھوڑی کے نیچے پانی ڈالا جائے۔

خلال کے دو طریقے ہیں (۱) سامنے کی جانب سے انگلیوں سے خلال کیا جائے (۲) یا گردن کی طرف سے سیدھا ہاتھ کر کے یا الٹا کر کے انگلیوں سے خلال کیا جائے۔ یاد رہے داڑھی کا وہ حصہ جو منہ کے دائرے کے اندر ہے اس کو اوپر سے دھونا فرض ہے۔ پھر تین بار داہنا ہاتھ کہنی سمیت دھوئیں۔ پھر بایاں ہاتھ کہنی سمیت تین بار دھوئیں۔

پھر ایک بار سر کا مسح کریں۔

سر کے مسح کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو سر کے درمیاں سے آخر تک لے جایا جائے اور سر کے دونوں جانبوں سے واپس آخر تک لایا جائے۔

پھر کانوں کا مسح کریں۔
کانوں کے مسح کا طریقہ یہ ہے کہ شہادت کی انگلی سے اندر کی طرف سوراخ تک مسح کیا جائے اور انگوٹھے سے کان کے پیچھے کا مسح کیا جائے۔

پھر گردن کا مسح کریں۔ پھر دایاں پاؤں ٹخنے سمیت تین بار دھوئیں پھر بایاں پاؤں ٹخنے سمیت تین بار دھوئیں اور خلال کریں۔
پاؤں کی انگلیوں کے خلال کے دو طریقے ہیں (۱) پاؤں کے اوپر سے کیا جائے (۲) یا پاؤں کے نیچے سے، طریقہ یہ ہے کہ بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے دائیں پاؤں کی چھنگلی سے شروع کر کے بائیں پاؤں کی چھنگلی تک کیا جائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسنون طریقہ نماز

نماز دین کا ستون ہے اس کو ٹھیک سنت کے مطابق ادا کرنا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے ہم لوگ بے فکری کے ساتھ نماز کے ارکان جس طرح سمجھ میں آتا ہے ادا کرتے رہتے ہیں اور اس بات کی فکر نہیں کرتے کہ وہ ارکان مسنون طریقے سے ادا ہوں اس وجہ سے ہماری نمازیں سنت کے انوار و برکات سے محروم رہتی ہیں حالانکہ ان ارکان کو ٹھیک ٹھیک ادا کرنے سے نہ وقت زیادہ خرچ ہوتا ہے اور نہ محنت زیادہ ہوتی ہے۔

لہذا ذیل میں سنت کے مطابق نماز پڑھنے کا نہایت آسان طریقہ تحریر کیا جاتا ہے ذرا سی توجہ اور عادت ڈالنے سے ہماری نمازیں سنت کے مطابق ہو سکتی ہیں اور ہم بارگاہ خداوندی میں کم از کم اتنا عرض کرنے کے لائق ہو سکتے ہیں کہ

ترے محبوب کی یارب شباہت لے کے آیا ہوں ؎
حقیقت اس کو تو کر دے میں صورت لے کے آیا ہوں

﴿مردوں کے لیے مسنون طریقہ نماز﴾

قیام

نماز شروع کرنے سے پہلے بالکل سیدھے کھڑے ہوں اور نظر سجدے کی جگہ پر رہے گردن جھکا کر ٹھوڑی سینے سے لگانا مکروہ ہے اور بلاوجہ سینے کو جھکا کر کھڑا ہونا بھی درست نہیں، پاؤں کی انگلیوں کا رخ بھی قبلہ کی جانب رہے اور دونوں پاؤں سیدھے قبلہ رخ رہیں پاؤں کو دائیں بائیں ترچھار کھنا خلاف سنت ہے، دونوں پاؤں کے درمیان کم از کم چار انگل کا فاصلہ ہونا چاہئے۔

جماعت کی صورت میں اس بات کا اطمینان کر لیں کہ دائیں بائیں کھڑے ہونے والوں کے بازوؤں کے ساتھ آپ کے بازو ملے رہیں اور بیچ میں کوئی خلا نہ ہو، شلوار وغیرہ کو ٹخنے سے نیچے لٹکانا ہر حالت میں ناجائز ہے ظاہر ہے نماز میں اس کی قباحت اور بھی بڑھ جاتی ہے لہذا شلوار وغیرہ ٹخنے سے اونچے ہوں۔

ہاتھ کی آستینیں نہ چڑھائیں بلکہ پوری طرح ڈھکی رہیں، ایسے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا مکروہ ہے جنہیں پہن کر انسان لوگوں کے سامنے نہ جاتا ہو نیت دل میں ہی کر لینا کافی ہے زبان سے نیت کے الفاظ کہنا ضروری نہیں۔

تکبیر تحریمہ

تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ کانوں تک اس طرح اٹھائیں کہ ہتھیلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہو اور انگوٹھوں کے سرے کان کی لو سے یا تو بالکل ملجائیں یا اس کے برابر آجائیں اور باقی انگلیاں اوپر کی طرف سیدھی ہوں۔

بعض لوگ ہتھیلیوں کا رخ قبلہ کی طرف کرنے کے بجائے کانوں کی طرف کر لیتے ہیں بعض لوگ کانوں کو ہاتھوں سے ڈھانک لیتے ہیں بعض لوگ ہاتھ پوری طرح کانوں تک اٹھائے بغیر ہلکا سا اشارہ کر لیتے ہیں اور بعض لوگ کانوں کی لو کو ہاتھوں سے پکڑ لیتے ہیں یہ سب طریقے غلط اور خلاف سنت ہیں ان سے بچنا نہایت ضروری ہے۔

ہاتھ باندھنا

دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھوٹی انگلی سے بائیں کلائی (گٹے) کے گرد حلقہ بنا کر اسے پکڑ لیں اور باقی تین انگلیوں کو بائیں ہاتھ کی پشت پر اس طرح پھیلا دیں کہ تینوں انگلیوں کا رخ کہنی کی طرف رہے بائیں ہتھیلی اور انگلیاں دائیں ہاتھ کے نیچے چھپی رہیں دونوں ہاتھوں کو ناف سے ذرا نیچے رکھ کر مذکورہ بالا طریقے سے باندھ لیں۔

بغیر کسی ضرورت کے جسم کے کسی حصے کو حرکت نہ دیں جتنے سکون کے ساتھ کھڑے ہوں اتنا ہی بہتر ہے اگر کھجلی وغیرہ کی

ضرورت ہو تو صرف ایک ہاتھ استعمال کریں اور وہ بھی صرف سخت ضرورت کے وقت اور کم سے کم۔

رکوع

رکوع میں اپنے اوپر کے دھڑ کو اس حد تک جھکائیں کہ گردن، پشت اور سرین تقریباً ایک سطح پر آجائیں نہ اس سے زیادہ جھکیں نہ اس سے کم، رکوع میں پاؤں سیدھے رکھیں ان میں خم نہ ہو دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھیں اور گھٹنوں کو اس طرح پکڑیں کہ دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کھلی ہوئی ہوں رکوع کی حالت میں کلائیاں اور بازو سیدھے تنے ہوئے رہنے چاہئیں ان میں خم نہیں آنا چاہئے۔

رکوع سے کھڑے ہوتے وقت اتنے سیدھے ہو جائیں کہ جسم میں کوئی خم باقی نہ رہے سجدے میں جاتے وقت سب سے پہلے گھٹنوں کو خم دے کر انہیں زمین کی طرف اس طرح لے جائیں کہ سینہ آگے کو نہ جھکے جب گھٹنے زمین پر ٹک جائیں اس کے بعد سینے کو جھکائیں۔

سجدہ

سجدے میں سر کو دونوں ہاتھوں کے درمیان اس طرح رکھیں کہ دونوں انگوٹھوں کے سرے کانوں کی لو کے سامنے ہو جائیں تکبیر تحریمہ کی طرح سجدے میں دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ملی ہوئی ہوں اور ان کے درمیان فاصلہ نہ ہو انگلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہو اور کہنیاں

زمین سے اٹھی ہوئی ہونی چاہئے دونوں بازو پہلوؤں سے الگ رہنے چاہئیں رانیں پیٹ سے ملی ہوئی نہ ہوں اور پورے سجدے کے دوران ناک زمین پر ٹکی رہے دونوں پاؤں کھڑے رکھے جائیں اور ان کی تمام انگلیاں مڑ کر قبلہ رخ ہو جائیں جو لوگ اپنے پاؤں کی بناوٹ کی وجہ سے تمام انگلیاں موڑنے پر قادر نہ ہوں وہ جتنی موڑ سکیں اتنی موڑنے کا اہتمام کریں۔

اس بات کا خیال رہے کہ سجدے کے دوران پاؤں زمین سے اٹھنے نہ پائیں بعض لوگ اس طرح سجدہ کرتے ہیں کہ پاؤں کی کوئی انگلی ایک لمحہ کیلئے زمین پر نہیں ٹکتی اس طرح سجدہ ادا نہیں ہوتا اور نتیجۃً نماز بھی نہیں ہوتی اس سے اہتمام کے ساتھ پرہیز کریں۔

ایک سجدے سے اٹھ کر اطمینان کے ساتھ دو زانوں پر سیدھے بیٹھ جائیں پھر دوسرا سجدہ کریں دوسرے سجدے سے اٹھتے وقت پہلے پیشانی زمین سے اٹھائیں پھر ناک پھر ہاتھ پھر گھٹنے، اٹھتے وقت زمین کا سہارا مت لیں ہاں اگر جسم بھاری ہو یا بیماری یا بڑھاپے کے وجہ سے مشکل ہو تو سہارا لینا بھی جائز ہے۔

قعدہ

بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھیں اور دایاں پاؤں کھڑا کر لیں اور دونوں پاؤں کی انگلیاں موڑ کر قبلہ رخ کریں، بیٹھنے کی حالت میں

دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے ہونے چاہیئے اور انگلیاں گھٹنوں کی طرف لٹکی ہوئی نہ ہوں بلکہ انگلیوں کے آخری سرے گھٹنے کے ابتدائی کنارے تک پہنچ جائیں تاکہ انگلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہو جائے یاد رہے دونوں سجدوں کے درمیان بھی اسی طریقہ سے بیٹھنا چاہیے۔

التحیات پڑھتے وقت جب "اشھد ان لا" پر پہنچیں تو شہادت کی انگلی اٹھا کر اشارہ کریں اور "الا اللہ" پر گرادیں۔

اشارے کا طریقہ یہ ہے کہ بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کو ملا کر حلقہ بنائیں چھنگلی اور اس کے برابر والی انگلی کو بند کرلیں اور شہادت کی انگلی کو اس طرح اٹھائیں کہ انگلی کا رخ قبلہ کہ طرف ہو بالکل سیدھی آسمان کی طرف نہ ہونی چاہیے "الا اللہ" کہتے وقت شہادت کی انگلی نیچے کر لیں اور باقی انگلیوں کو اسی حالت پر برقرار رکھیں۔

سلام: سلام پھیرتے وقت گردن کو اتنا موڑیں کہ پیچھے بیٹھے ہوئے آدمی کو آپ کے رخسار نظر آجائیں اور اپنی نظروں کو کندھے کی طرف رکھیں۔

دعاء: دعاء کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھ اتنے اٹھائے جائیں کہ وہ سینے کے سامنے آجائیں دونوں ہاتھوں کے درمیان معمولی سا فاصلہ ہو نہ ہاتھوں کو بالکل ملائیں اور نہ ہی زیادہ فاصلہ رکھیں دعا کرتے وقت دونوں ہاتھوں کے اندرونی حصے کو چہرے کے سامنے رکھیں۔

﴿عورتوں کا مسنون طریقہ نماز﴾

قیام

نماز شروع کرنے سے پہلے بالکل سیدھی کھڑی ہوں اور نظر سجدے کی جگہ پر رہے گردن کو جھکا کر ٹھوڑی سینے سے لگالینا مکروہ ہے اور بلا وجہ سینے کو جھکا کر کھڑا ہونا بھی درست نہیں لہذا اس طرح سیدھی کھڑی ہوں کہ نظر سجدے کی جگہ پر رہے پاؤں کی انگلیوں کا رخ قبلہ کی جانب رہے اور دونوں پاؤں سیدھے قبلہ رخ رہیں۔ پاؤں کو دائیں بائیں ترچھا رکھنا خلاف سنت ہے۔

خواتین کسی موٹی بڑی چادر سے اپنے سارے جسم کو اچھی طرح ڈھانپ لیں جس سے سر کے بال، سینہ، بازوں، باہیں، پنڈلیاں، مونڈھے اور گردن وغیرہ سب ڈھکے رہیں۔

تکبیر تحریمہ

دل میں نیت کرلیں کہ فلاں نماز پڑھ رہی ہوں زبان سے نیت کے الفاظ کہنا ضروری نہیں دونوں ہاتھ دوپٹے سے باہر نکالے بغیر کندھوں تک اس طرح اٹھائیں کہ ہتھیلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہو اور انگلیاں اوپر کی طرف سیدھی ہوں۔ خواتین کانوں تک ہاتھ نہ اٹھائیں۔ اور دونوں ہاتھ سینے پر بغیر حلقہ بنائے اس طرح رکھیں کہ داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر آجائے بغیر ضرورت کے جسم کے کسی حصہ

کو حرکت نہ دیں جتنے سکون کے ساتھ کھڑی ہوں اتنا ہی بہتر ہے۔ اگر کھجلی وغیرہ کی ضرورت ہو تو صرف ایک ہاتھ استعمال کریں اور وہ بھی سخت ضرورت کے وقت اور کم سے کم۔ جسم کا سارا زور ایک پاؤں پر نہ دیں۔

رکوع

خواتین رکوع میں معمولی سا جھکیں کہ دونوں ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں مردوں کی طرح خوب اچھی طرح نہ جھکیں (شامی) خواتین مردوں کی طرح انگلیاں کشادہ کر کے گھٹنوں کو نہ پکڑیں بلکہ ملا کر رکھیں اور گھٹنوں کو ذرا آگے کو جھکا لیں اور اپنی کہنیاں بھی پہلو سے خوب ملا کر رکھیں (در مختار) رکوع کی حالت میں نظریں پاؤں کی طرف ہونی چاہئیں رکوع سے کھڑے ہوتے وقت اس قدر سیدھی ہو جائیں کہ جسم میں کوئی خم باقی نہ رہے اس حالت میں بھی نظریں سجدے کی جگہ پر رہنی چاہئیں۔

سجدہ

خواتین سینہ آگے جھکا کر سجدے میں جائیں پہلے اپنے گھٹنے زمین پر رکھیں پھر ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی خوب سمٹ کر اور دبک کر اس طرح سجدہ کریں کہ پیٹ رانوں سے بالکل مل جائے بازو بھی پہلوؤں سے ملے ہوئے ہوں اور پاؤں کو کھڑا کرنے کے بجائے دائیں

طرف نکال کر بچھادیں اور جہاں تک ہوسکے انگلیوں کا رخ قبلہ کی طرف رکھیں اور کہنیوں سمیت پوری باہیں بھی زمین پر رکھیں دوسرے سجدے سے اٹھتے وقت پہلے پیشانی زمین سے اٹھائیں پھر ناک پھر ہاتھ پھر گھٹنے۔

اٹھتے وقت زمین کا سہارا نہ لینا بہتر ہے لیکن اگر جسم بھاری ہو یا بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے مشکل ہو تو سہارا لینا بھی جائز ہے۔

قعدہ

قعدہ میں بائیں کولہے پر بیٹھیں اور دونوں پاؤں دائیں طرف کو نکال دیں اور دائیں پنڈلی کو بائیں پنڈلی پر رکھیں اور دونوں ہاتھ رانوں پر رکھ لیں اور انگلیاں خوب ملا کر رکھیں اور بیٹھتے وقت اپنی نظریں گود کی طرف رکھیں یاد رہے دونوں سجدوں کے درمیان بھی اسی طرح بیٹھیں۔

التحیات پڑھتے وقت جب ''اشھد ان لا'' پر پہنچیں تو شہادت کی انگلی اٹھا کر اشارہ کریں اور ''الا اللہ'' پر گرادیں اشارے کا طریقہ یہ ہے کہ بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کو ملا کر حلقہ بنائیں چھنگلی اور اس کے برابر والی انگلی کو بند کرلیں اور شہادت کی انگلی اس طرح اٹھائیں کہ انگلی کا رخ قبلہ کی طرف ہو بالکل سیدھی آسمان کی طرف نہ ہو الا اللہ کہتے وقت شہادت کی انگلی تو نیچے کرلیں لیکن باقی انگلیوں کو

آخر تک اسی حالت پر برقرار رکھیں۔

سلام

سلام پھیرتے وقت گردن کو اتنا موڑیں کہ پیچھے بیٹھنے والی عورت کو آپ کے رخسار نظر آجائیں سلام پھیرتے وقت نظریں کندھے کی طرف ہونی چاہئیں۔

دعا

دعا کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھ اتنے اٹھائے جائیں کہ وہ سینے کے سامنے آجائیں دونوں ہاتھوں کے درمیان معمولی سا فاصلہ ہو دعا کرتے وقت ہاتھوں کے اندرونی حصے کو چہرے کے سامنے رکھیں۔

شوال کے چھ روزوں کی فضلیت

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے رمضان کے روزے رکھے اور اس کے بعد چھ روزے شوال کے مہینے میں رکھ لئے تو گویا اس نے ساری عمر روزے رکھے۔ (مسلم شریف، ۴۰۲)

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سلسلہ سنن وآداب (۱)

مسجد میں داخل ہونے کا طریقہ اور دعاء

دعاء: بِسۡمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوۡلِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِيۡ ذُنُوۡبِيۡ وَافۡتَحۡ لِيۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِكَ (مصنف ابن ابی شیبہ، ۳۴۱۲)

یا یوں پڑھیں: صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ ------

طریقہ: پہلے دایاں قدم مسجد میں رکھیں پھر بایاں رکھیں۔

مسجد سے نکلنے کی دعاء اور طریقہ

دعاء: بِسۡمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوۡلِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِيۡ ذُنُوۡبِيۡ وَافۡتَحۡ لِيۡ اَبۡوَابَ فَضۡلِكَ (مصنف ابن ابی شیبہ، ۳۴۱۲)

یا یوں پڑھیں: صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ ------

طریقہ: پہلے بایاں قدم مسجد سے باہر رکھیں پھر دایاں قدم رکھیں۔

خلاء میں داخل ہونے کی دعاء اور طریقہ

دعاء: بِسۡمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَائِثِ

(مصنف ابن ابی شیبہ، ۲۹۹۰۲)

فائدہ: اس کے پڑھنے سے انسان جنات کے شر سے بچ جاتا ہے اور

جنات سے پردے میں آجاتا ہے۔

طریقہ: پہلے بایاں قدم اندر رکھیں پھر دایاں رکھیں۔

خلاء سے نکلنے کی دعاء اور طریقہ

دعاء: غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

(نسائی، ۹۸۲۵، ۹۸۲۴)

طریقہ: پہلے دایاں قدم باہر رکھیں پھر بایاں رکھیں۔

وضو کی ابتداء کی دعا اور فائدہ

دعاء: بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

فائدہ: جب تک وضو رہے گا فرشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے۔ (المعجم الصغیر للطبرانی، ۱۹۶) اور تمام بدن کے (صغیرہ) گناہ معاف کردیے جائیں گے۔

وضو کے درمیان کی دعاء

دعاء: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ

(السنن الکبری للنسائی، ۹۸۲۸)

وضو کے آخر کی دعاء

دعاء: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ

وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ

فائدہ: جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے جس سے چاہے داخل ہو جائے۔ (ترمذی، ۵۵)

عشرہ ذی الحجہ کی فضلیت

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ کوئی دن ایسے نہیں جن میں عبادت کرنا اللہ تعالیٰ کو عشرہ ذی الحجہ سے زیادہ پسند ہو ان میں سے ہر ایک دن کا روزہ ایک سال روزہ رکھنے کے برابر ہے اور ہر ایک رات کا جاگنا شب قدر میں جاگنے کے برابر ہے۔ (الترمذی، ۷۵۸)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کوئی دن ایسا نہیں ہے کہ جس میں نیک عمل اللہ تعالیٰ کے یہاں ان دس دنوں کے نیک عمل سے زیادہ محبوب اور پسند ہو صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا یہ اللہ کے راستے میں جہاد کرنے سے بھی بڑھ کر ہے آپ ﷺ نے فرمایا اللہ کے راستے میں جہاد کرنے سے بھی بڑھ کر ہے مگر وہ شخص جو اپنی جان اور مال لے کر اللہ کے راستے میں نکلے پھر ان میں سے کوئی چیز بھی واپس لے کر نہ آئے۔ (ترمذی، ۷۵۷)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۲)

اذان کا جواب دینے کا طریقہ

طریقہ: اذان اور اقامت کے جواب میں جس طرح موذن کہے اسی طرح جواب دیں مگر "حَيَّعَلَتَيْن"، کے جواب میں "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ" کہے، اور "قَدْقَامَتِ الصَّلٰوةُ" کے جواب میں "اَقَامَهَا اللهُ وَاَدَامَهَا" کہے

فائدہ: جو شخص خلوص دل کے ساتھ اس طرح اذان کا جواب دے تو جنت میں داخل ہوگا۔ (مسلم،۳۸۵)

اذان کے بعد کی دعائیں

دعاء: (۱) اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، رَضِيْتُ بِاللهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا

فائدہ: گناہ (صغیرہ) معاف کردیے جائیں گے۔ (مسلم،۳۸۶)

(۲) اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَ الصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ

فائدہ: آپ ﷺ نے فرمایا اس کے پڑھنے والے کے لئے میری سفارش واجب ہو گی۔ (بخاری،۶۱۴) اس کے بعد جو دعاء کی جائے گی قبول ہو گی۔

طعام کھانے کے آداب

کھانے کی دس سنتیں: (۱) دونوں ہاتھ دھوئیں۔ (۲) کلی کریں۔ (۳) اپنے سامنے سے کھائیں۔ (۴) دستر خوان بچھا کر کھائیں۔ (۵) نیچے کوئی لقمہ یا کوئی چیز گر جائے تو اس کو صاف کر کے کھائیں۔ (۶) ٹیک لگا کر نہ کھائیں (نہ دیوار کے ساتھ، نہ گدے پر چار زانوں بیٹھیں، اور نہ ہاتھ کو زمین پر رکھیں۔) (۷) کھانے میں عیب نہ نکالیں۔ (۸) جوتا اتار کر کھائیں۔ (۹) دوزانوں یا یک زانوں یا اکڑوں بیٹھ کر کھائیں۔ (۱۰) انگلیوں کو چاٹیں اور برتن کو اچھی طرح صاف کریں۔

برتن صاف کرنے کا فائدہ

فائدہ: جب برتن کو صاف کیا جاتا ہے تو وہ برتن اس کے لئے دعائے مغفرت کرتا ہے اور یہ دعاء دیتا ہے کہ "جس طرح تم نے مجھے شیطان سے آزاد کرایا اس طرح اللہ تعالیٰ تمہیں جہنم کی آگ سے آزاد فرمائیں۔"

طعام کھانے کی دعاء

دعاء: "بِسْمِ اللہِ" یا "بِسْمِ اللہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللہِ"

فائدہ: شیطان اس کے ساتھ طعام میں شریک نہ ہوسکے گا۔

اگر بھول جائے تو پڑھے "بِسْمِ اللہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ" (ابو داود، ۳۷۶۸)

شیطان نے جو کھایا ہو گا قے کر دے گا۔

طعام کے بعد کی دعاء

دعاء: (۱) "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ ھٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ"

فائدہ: پچھلے تمام گناہ (صغیرہ) معاف کر دیے جائیں گے۔

(ابوداود ۴۰۲۳)

(۲) یا یہ پڑھے "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ" (ابوداود ۳۸۵۰)

فائدہ: (۱) اللہ تعالی اس بندے سے راضی ہوتے ہیں کہ جب وہ کوئی لقمہ کھائے تو اللہ کی حمد کرے اور جب کوئی گھونٹ پیئے تو اس پر اللہ کی حمد کرے۔ (۲) کھانا کھا کر شکر ادا کرنے والا ایسے ہے جیسے روزہ رکھ کر صبر کرنے والا ہے۔

دستر خوان اٹھانے کی دعاء

دعاء: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْہِ غَیْرَ مَکْفِیٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًی عَنْہُ رَبَّنَا (ابوداود،۳۸۴۹)

دودھ پینے کے بعد کی دعاء

دعاء: اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ (ترمذی،۳۴۵۵)

دعوت کھانے کے بعد میزبانوں کو یوں دعاء دیں۔

دعاء: اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ وَاغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ

(ترمذی،۳۵۷۶)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۳)

سونے کا مسنون طریقہ

طریقہ: باوضو ہو کر سوئیں۔ بستر کو تین مرتبہ جھاڑیں۔ داہنی کروٹ پر قبلہ رخ ہو کر لیٹیں اور داہنے ہاتھ کو رخسار کے نیچے رکھیں اور یہ دعائیں پڑھیں۔

(۱) اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَجْمَعُ عِبَادَکَ (ترمذی، ۳۳۹۸)

(۲) اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰ (بخاری، ۶۳۱۴) (۳) بِاسْمِکَ رَبِّیْ وَضَعْتُ جَنْبِیْ وَبِکَ اَرْفَعُہٗ اِنْ اَمْسَکْتَ نَفْسِیْ فَارْحَمْھَا وَاِنْ اَرْسَلْتَھَا فَاحْفَظْھَا بِمَا تَحْفَظُ بِہٖ عِبَادَکَ الصَّالِحِیْنَ۔ (ابوداود، ۵۰۵۰)

رات کے وظائف

(۱) سورۃ الملک پڑھ کر سوئیں۔

فائدہ: (ا) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قرآن کی ایک سورۃ ہے جس کی تیس آیات ہیں وہ اپنے پڑھنے والے کے لئے سفارش کرے گی یہاں تک کہ اس کو بخشوالے گی۔ (ترمذی، ۲۸۹۱)

(ب) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ھِیَ الْمَانِعَۃُ ھِیَ الْمُنْجِیَۃُ عذاب

قبر سے نجات دلانے والی ہے۔(ترمذی،۲۸۹۰)

(۵)رسول اللہ ﷺ رات کو اس وقت تک نہ سوتے جب تک سورۃ الملک نہ پڑھتے۔ (ترمذی،۲۸۹۲)

(۲)دعاء:رَضِيتُ بِاللهِ رَبًّا وَّ بِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اس کو صبح وشام تین بار پڑھے گا اللہ پر حق ہے کہ قیامت کے دن اس کو راضی کریں۔

(ترمذی،۳۳۸۹)

(۳)ان سورتوں کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر شروع کریں۔ سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس پڑھ کر دونوں ہاتھوں کو ملا کر ان پر پھونک مار کر سر چہرے اور جہاں تک ہو سکے انہیں جسم پر پھیریں اس طرح تین مرتبہ کریں۔(بخاری،۵۰۱۷)

فائدہ: جسمانی اور روحانی تمام شرور سے حفاظت ہو جائے گی۔

(۴)استغفار کی ایک تسبیح روزانہ پڑھیں۔

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لوگو! اللہ تعالیٰ کی طرف توبہ کرو میں دن میں سو بار توبہ کرتا ہوں۔(ابن حبان،۲۹۲)

(۵)دعاء: ''أَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ''

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو آدمی رات کو بستر پر ٹھکانہ لیتے وقت تین مرتبہ پڑھے گا اللہ عزوجل اس کے گناہوں کو معاف فرمادیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر کیوں نہ ہوں، یا عالج (علاقے کا نام) کی ریت کے ذرات کی تعداد کے برابر کیوں نہ ہوں، یا درختوں کے پتوں کی تعداد کے برابر کیوں نہ ہوں، یا دنیا کے دنوں کی تعداد کے برابر کیوں نہ ہوں۔ (ترمذی، ۳۳۹۸)

علم وتقوی میں اضافہ کے لئے دعاء چوبیس گھنٹوں میں ایک مرتبہ

''یَاعَلِیۡمُ'' ۱۵۰ دفعہ پڑھنے کے بعد یہ دعاء خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھیں۔

دعاء: ''رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا وَّ فَھۡمًا وَّشَوۡقًا وَّ حِفۡظًا وَّ ھُدًی وَّ تُقًی بِحُرۡمَةِ اسۡمِكَ الۡاَعۡظَمِ یَا عَلِیۡمُ یَا عَلِیۡمُ یَا عَلِیۡمُ عَلِّمۡنِیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ''

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۴)

صبح اور شام کے وظائف

صبح کی دعاء

(۱) اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ (ابوداود، ۵۰۸۳)

(۲) اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيٰ وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ (السنن الکبری، ۱۰۳۲۳)

شام کی دعاء

(۱) اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فَتْحَهَا وَنَصْرَهَا وَنُوْرَهَا وَبَرَكَتَهَا وَهُدَاهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا (ابوداود، ۵۰۸۳)

(۲) اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيٰ وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ (السنن الکبری، ۱۰۳۲۳)

صبح وشام کی دعاء

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص تین مرتبہ یہ کلمات صبح وشام کہے گا تو اس کو کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ (ترمذی، ۳۳۸۸)

رات کو پڑھنے والی آیات

(۱) الٓمّٓ۔ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ ------- سے اَلْمُفْلِحُوْنَ تک (چار آیات) (۲) آیۃ الکرسی ------- سے خٰلِدُوْنَ تک (تین آیات)

(۳) لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ ------- سے آخر سورۃ تک (تین آیات)

فائدہ: حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ سورۃ البقرہ کی دس آیات ایسی ہیں کہ اگر کوئی شخص ان کو رات میں پڑھ لے تو اس رات کوئی جن، شیطان گھر میں داخل نہ ہوگا اس کو اور اس کے اہل وعیال کو اس رات میں کوئی آفت، بیماری، رنج وغم وغیرہ ناگوار چیز پیش نہ آئیگی۔ اگر یہ آیات کسی مجنون پر پڑھی جائیں تو اس کو افاقہ ہو جائے گا۔ (سنن دارمی، ۳۴۲۶)

آیۃ الکرسی کی فضیلت

(۱) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سورۃ البقرہ میں ایک آیت ایسی ہے جو

تمام آیات قرآن میں اشرف وافضل ہے وہ ہے آیۃ الکرسی۔

(ترمذی، ۲۸۷۸)

(۲) آیۃ الکرسی جس بچہ پر پڑھ کر دم کی جائے یا لکھ کر رکھدی جائے تو شیطان اس کے قریب نہیں آئے گا۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ کی آیات کی فضیلت

(۱) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سورۃ بقرہ کی آخری دو آیتیں "اٰمَنَ الرَّسُوْلُ" سے ختم سورۃ تک ایسی ہیں کہ جس گھر میں تین رات تک پڑھی جائیں شیطان اس کے قریب نہیں آئے گا۔ (داری، ۳۴۳۰)

(۲) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ بقرہ کو ایسی دو آیتوں پر ختم فرمایا ہے کہ جو اپنے خزانہ سے مجھے دی ہیں جو اس کے عرش کے نیچے ہے انہیں خود سیکھو اور اپنی عورتوں اور بچوں کو سکھاؤ کیونکہ وہ رحمت ہیں اور قرآن ہیں اور دعاء ہیں۔ (داری، ۳۴۳۳)

صبح وشام ایک تسبیح: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

کلمہ توحید کی فضیلت

فائدہ: (۱) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں ایک پلڑے میں ہوں اور " لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ " دوسرے پلڑے میں ہو تو " لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ " کا پلڑہ جھک جائیگا۔ (مستدرک حاکم، ۱۵۴)

(۲) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اس کلمہ کو سو مرتبہ پڑھے گا اس کو دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا اور اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جائیں گی اور اس کی سو برائیاں مٹائی جائیں گی اور یہ کلمہ اس کے لئے شیطان سے محفوظ رہنے کا ذریعہ بنے گا اور کوئی شخص اس سے بہتر کوئی عمل نہیں لائیگا سوائے اس شخص کے جس نے اس سے زیادہ عمل کیا ہو۔ (ابو عوانہ، عن ابی ہریرہ)

(۳) رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا کہ اپنا ایمان تازہ کرو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم اپنا ایمان کس طرح تازہ کریں آپ ﷺ نے فرمایا لا الہ الا اللہ کثرت سے پڑھا کرو۔ (مسند احمد، ۸۷۱۰)

(۴) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص دن کے ابتدائی حصہ میں اور دن کے آخری حصے میں سو مرتبہ لا الہ الا اللہ کہے تو وہ اس شخص کی مانند ہے جس نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے سو غلام آزاد کیے ہوں۔ (ترمذی، ۳۴۷۱)

(۵) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی بندہ صدق دل سے یعنی بغیر ریاء کے لا الہ الا اللہ کہتا ہے تو اس کلمہ کے لئے آسمان کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں یہاں تک کہ عرش تک پہنچتا ہے بشرطیکہ گناہ کبیرہ سے بچتا ہو۔ (ترمذی، ۳۵۹۰)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۵)

رات کا وظیفہ

سورۃ الم تنزیل سجدہ پڑھ کر سوئیں۔

فائدہ: رسول اللہ ﷺ رات کو نہ سوتے تھے مگر الم تنزیل سجدہ اور سورۃ الملک پڑھتے (ترمذی، ۲۸۹۲)

حضرت خالد بن معدان فرماتے ہیں رات کے وقت الم تنزیل سجدہ پڑھا کرو یہ عذاب سے نجات دلانے والی ہے اور مجھ تک یہ بات پہنچی ہے کہ ایک شخص یہی سورۃ پڑھا کرتا تھا وہ اس سورۃ کے علاوہ کچھ نہیں پڑھتا تھا (بطور وظیفے کے) اور وہ بہت زیادہ گناہ گار تھا جب اس کی وفات ہوئی تو اس سورۃ نے اس پر اپنے بازو پھیلا دئے اور کہا کہ اے پروردگار اس شخص کی بخشش فرما کیونکہ یہ مجھے بہت زیادہ پڑھا کرتا تھا اللہ تعالی نے سفارش قبول فرمائی اور حکم دیا کہ اس کے ہر گناہ کے بدلے میں نیکی لکھو اور اس کے درجات بلند کرو۔

اور خالد بن معدان نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ سورۃ اپنے پڑھنے والے کی طرف سے قبر میں جھگڑتی ہے اور کہتی ہے اے اللہ اگر میں تیری کتاب سے ہوں تو اس کے حق میں میری سفارش قبول فرما اگر

میں تیری کتاب سے نہیں ہوں تو مجھے اس سے مٹادے اور فرمایا کہ یہ سورۃ ایک پرندے کی مانند آئے گی اور اس پر اپنے بازو پھیلا کر اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے سفارش کرے گی (دارمی، ۳۴۵۱)

صبح اور مغرب کی نماز کے بعد کا وظیفہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ (تین مرتبہ پڑھنے کے بعد) سورۃ الحشر کی آخری تین آیات ''ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ'' سے ''اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ'' تک پڑھیں۔

فائدہ: جس آدمی نے صبح کے وقت ان کو پڑھا تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر کرتے ہیں جو اس کے لئے شام تک دعاء مغفرت کرتے رہتے ہیں اگر اس دن فوت ہو جائے تو شہادت کی موت پائے گا اور جو شخص اس کو شام کے وقت پڑھے گا تو اس کو صبح تک یہ سعادت حاصل ہو گی۔ (ترمذی، ۲۹۲۲)

ہر نماز کے بعد کا وظیفہ

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

فائدہ: حضرت معاذ بن جبل سے ہے کہ آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا میں تیرے ساتھ محبت کرتا ہوں میں نے عرض کیا میں بھی آپ کو محبوب رکھتا ہوں فرمایا اگر میرے ساتھ محبت رکھتے ہو تو ہر نماز

کے بعد اس دعاء کو نہ چھوڑنا۔

☆وعن علی رضی اللہ عنہ قال قال النبی ﷺ لما اراد اللہ ان ینزل فاتحۃ الکتاب وآیۃ الکرسی وشھد اللہ وقل اللّٰھم مالک الملک الی قولہ بغیر حساب تعلقن بالعرش ولیس بینھن وبین اللہ حجاب وقلن یا رب تھبط بنا دار الذنوب والی من یعصیک فقال اللہ عز وجل وعزتی وجلالی لا یقرأ کن عبد عقیب کل صلاۃ مکتوبۃ الا اسکنتہ حظیرۃ القدس علی ما کان منہ والا نظرت الیہ بعینی المکنونۃ فی کل یوم سبعین مرۃ والا قضیت لہ فی کل یوم سبعین حاجۃ ادناھا المغفرۃ والا اعذتہ من کل عدو ونصرتہ علیہ ولا یمنعہ من دخول الجنۃ الا ان یموت (تبیان الفرقان ج۱، ص۱۱۶)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۶)

صبح اور شام کا وظیفہ

سید الاستغفار

اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ رَبِّیۡ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ خَلَقۡتَنِیۡ وَاَنَا عَبۡدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھۡدِكَ وَوَعۡدِكَ مَا اسۡتَطَعۡتُ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ شَرِّ مَا صَنَعۡتُ اَبُوۡءُ لَكَ بِنِعۡمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوۡءُ لَكَ بِذَنۡبِیۡ فَاغۡفِرۡ لِیۡ فَاِنَّهٗ لَا یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا اَنۡتَ (بخاری، ۶۳۰۶)

ترجمہ: اے اللہ! آپ ہی میرے رب ہیں آپ کے سوا کوئی معبود نہیں آپ نے مجھے پیدا فرمایا اور میں آپ کا بندہ ہوں اور جتنا مجھ سے ہو سکے میں آپ کے وعدہ اور عہد پر قائم ہوں میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اپنے کئے کے شر سے اور میرے اوپر جو آپ کی نعمتیں ہیں ان کا اعتراف کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا بھی اقرار کرتا ہوں آپ مجھے معاف فرمادیں بے شک آپ کے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔

فائدہ: آپ ﷺ نے فرمایا جس بندے نے اخلاص اور دل کے یقین کے ساتھ دن کے کسی حصہ میں اللہ کے حضور ان کلمات سے استغفار کیا اور پھر اسی دن رات کے شروع ہونے سے پہلے اس کو موت

آگئی تو وہ یقیناً جنت میں جائے گا اسی طرح اگر کسی نے رات کے کسی حصہ میں اللہ تعالیٰ کے حضور یہی عرض کیا اور صبح ہونے سے پہلے اس پر موت آگئی تو یقیناً جنت میں جائیگا۔

چھینک اور اس کا جواب

جب چھینک آئے تو ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' کہے یا ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْہِ مُبَارَکًا عَلَیْہِ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی'' کہے اس کے جواب میں ''یَرْحَمُکَ اللّٰہُ'' کہا جائے اور چھینکنے والا اس کے جواب میں یوں کہے ''یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ'' یا ''یَغْفِرُ اللّٰہُ لِیْ وَلَکُمْ'' کہے۔ (ابوداؤد، ۵۰۳۳،۵۰۳۱،۷۶۳)

صبح وشام کی تسبیح

درود شریف کی ایک تسبیح صبح اور شام کو پڑھیں۔

فوائد درود شریف: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کے کچھ فرشتے ہیں جو دنیا میں چکر لگاتے رہتے ہیں اور میرے امتیوں کا سلام و درود مجھے پہنچاتے ہیں۔ (سنن نسائی، ۱۲۸۲)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرا جو امتی خلوص دل سے مجھ پر درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتے ہیں اور دس درجے بلند کرتے ہیں اور اس کے حساب میں دس نیکیاں لکھتے ہیں اور اس کے

دس گناہ مٹاتے ہیں۔ (سنن نسائی، ۱۲۲۱، ترمذی، ۴۸۴)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن مجھ سے قریب ترین اور مجھ پر زیادہ حق رکھنے والا میرا وہ امتی ہو گا جو مجھ پر زیادہ درود بھیجنے والا ہو گا۔ (ترمذی، ۴۸۴)

شیخ الحدیث حضرت محمد زکریا قدس سرہ کا ارشاد ہے کہ درود شریف کے پڑھنے سننے اور پھیلانے میں دونوں جہانوں کی خیر و صلاح مضمر ہے اور قرب الٰہی یقینی ہے، آپ ﷺ کے اتنے احسانات ہر امتی پر ہیں کہ جتنا بھی درود شریف پڑھا جائے کم ہے۔

روزانہ ایک مرتبہ اسماء الحسنیٰ پڑھیں۔

فضائل اسماء الحسنیٰ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص ان کو خوب اچھی طرح یاد کرے گا جنت میں جائیگا۔ (بخاری، ۲۷۳۶)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص ان اسماء کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے دعاء کرے گا اس کے لئے جنت واجب ہو گی۔ (حلیۃ الاولیاء، ج ۱۰، ص ۳۸۰)

<u>اسماء الحسنیٰ کے ساتھ دعاء کا طریقہ</u>

(۱) اسماء الحسنیٰ پڑھنے کے بعد دعاء کرے۔

(۲) پہلے دعاء مانگ لے پھر یوں عرض کرے "اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ" یا

کہ ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰن۔۔۔۔۔(جامع صغیر)

صلوۃ التوبۃ:

روزانہ یا کم از کم ہفتہ میں ایک مرتبہ پڑھیں۔

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص کوئی گناہ کرے پھر کھڑا ہو اور وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے گناہ کی مغفرت طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمادیں گے۔

(ترمذی،۴۰۶)

صلوۃ الحاجۃ

طریقہ: جب بھی کوئی حاجت وضرورت درپیش ہو تو وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھیں۔

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس کو اللہ کی طرف کوئی حاجت ہو یا کسی بندے کی طرف کوئی حاجت ہو تو وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے۔ (یعنی سنت کے مطابق وضو کرے) پھر دو رکعتیں پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرے اور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے یوں دعاء مانگے ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ

اَلْعَالَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ (ترمذی،۴۷۹)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو حلیم وکریم ہے اللہ پاک ہے جو عرش عظیم کا رب ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اے اللہ میں تجھ سے تیری رحمت کی واجب کرنے والی چیزوں کا اور ان چیزوں کا سوال کرتا ہوں جو تیری مغفرت کو ضروری کردیں اور ہر بھلائی میں اپنا حصہ اور ہر گناہ سے سلامتی چاہتا ہوں اے ارحم الراحمین! میرا گناہ کو بخشے بغیر اور کوئی رنج دور کیے بغیر اور کوئی حاجت جس میں تیری رضا ہو پوری کئے بغیر نہ چھوڑ۔

حضرت حذیفہ فرماتے ہیں جب نبی کریم ﷺ کو کوئی کام پریشان کرتا تو نماز پڑھتے۔ (ابوداود، ۱۳۱۹)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب(۷)

صلوۃ التسبیح:

مہینہ میں کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھیں۔

طریقہ: ہر رکن کے وظیفہ کے بعد ''سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ'' حالت قیام میں پندرہ مرتبہ باقی ارکان میں دس مرتبہ نیز پہلی اور تیسری رکعت کے دوسرے سجدے کے بعد بھی یہ تسبیح پڑھی جائیگی۔

فائدہ: حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صلوۃ التسبیح پڑھنے سے اللہ تعالی اگلے پچھلے، نئے پرانے، خطأ اور عمدا، اور چھوٹے بڑے، ظاہری اور پوشیدہ سب گناہ بخش دیں گے۔ (ابوداؤد،۱۲۹۷)

سورة الاخلاص: صبح شام تین تین مرتبہ پڑھیں۔

فائدہ:(ا)رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قل ھو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر ہے۔ (بخاری،۴۷۷۳)

(ب)ایک شخص نے عرض کیا اے اللہ کے رسول میں اس سورۃ کو دوست رکھتا ہوں آپ ﷺ نے فرمایا تمہاری دوستی تمہیں جنت میں داخل کردے گی۔ (ترمذی،۲۹۰۱)

(ج) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر روز دو سو مرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھے تو اس کے (نامہ اعمال سے) پچاس سال کے گناہ مٹا دئے جاتے ہیں۔ (ترمذی، ۲۸۹۸)

(د) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنے بستر پر سونے کا ارادہ کرے اور اپنی داہنی کروٹ لیٹ کر سو مرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھے تو قیامت کے دن اللہ تعالی اس سے فرمائیں گے جنت میں اپنی دائیں طرف سے داخل ہو جا۔ (ترمذی، ۲۸۹۸)

(ہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص سورۃ الاخلاص دس مرتبہ پڑھے گا تو اس کی وجہ سے جنت میں اس کے لئے محل بنا دیا جائے گا۔ (دارمی، ۳۴۷۲)

سورة الكافرون: صبح وشام چار چار مرتبہ پڑھیں۔

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سورۃ قل یا یہا الکافرون چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ (ترمذی، ۲۸۹۴)

سورة النصر: صبح وشام چار چار مرتبہ پڑھیں۔

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سورۃ النصر چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ (ترمذی، ۲۸۹۵)

سورة الزلزال: صبح وشام دو مرتبہ پڑھیں۔

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سورۃ الزلزال نصف قرآن کے

برابر ہے۔(ترمذی، ۲۸۹۴)

سورۃ التکاثر: صبح وشام ایک مرتبہ پڑھیں۔

فائدہ: حدیث سے معلوم ہوتا ہے سورۃ التکاثر کے پڑھنے کا ثواب ایک ہزار آیات کے پڑھنے کے برابر ہے۔(مستدرک حاکم، ۲۰۸۱)

نصائح وآداب

پانچ قیمتی چیزیں

حضرت شفیق بلخیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے پانچ چیزوں کو تلاش کیا اور ان کو پانچ جگہ پایا۔

(۱) رزق کی برکت چاشت کی نماز میں ملی۔ (۲) قبر کی روشنی تہجد کی نماز میں ملی۔ (۳) منکر نکیر کے سوالوں کا جواب قرأت میں پایا۔ (۴) پل صراط سے پار ہونا روزہ اور صدقہ میں پایا۔ (۵) عرش کا سایہ خلوت میں پایا۔

جنت کے درجے آٹھ ہیں: (۱) خلد (۲) دار السلام (۳) دار القرار (۴) جنت عدن (۵) جنت الماوٰی (۶) جنت النعیم (۷) جنت الفردوس (۸) علیین (بیضاوی، ص ۴۸)

دوزخ کے ٹھکانے سات ہیں: (۱) سقر (۲) سعیر (۳) لظی (۴) جحیم (۵) جہنم (۶) ہاویہ (۷) حطمہ (تبیان الفرقان، ص ۱۱۷)

احترام استاد

حضرت امام احمد بن حنبلؒ کو حضرت امام شافعیؒ کی ذات سے بڑی عقیدت اور شیفتگی تھی اور وہ ان کا ہمیشہ بڑا احترام کرتے تھے امام شافعیؒ سوار ہوتے تو یہ ان کے پیچھے پیچھے پیدل ان سے سوالات کرتے جاتے تھے۔ ان کا خود بیان ہے کہ میں نے تیس برس سے کوئی ایسی نماز نہیں پڑھی جس میں امام شافعیؒ کے لئے دعاء نہ کی ہو۔

بجلی کی کڑک کی آواز سنیں تو یہ پڑھیں

سُبْحَانَ مَنْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلَائِکَۃُ مِنْ خِیفَتِہٖ

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو بجلی کی کڑک کے وقت ان کلمات کو تین مرتبہ پڑھے گا وہ اس کی آفت سے محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۸)

جب کسی کو مصیبت میں مبتلاء دیکھیں تو پڑھیں

''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا'' (ترمذی، ۳۴۳۲)

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص کسی کو مصیبت یا آزمائش میں مبتلا دیکھ کر یہ دعا پڑھے گا تو جب تک زندہ رہے گا اس مصیبت میں گرفتار نہ ہو گا۔

صبح اور مغرب کی نماز کے بعد کا وظیفہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نماز مغرب سے فارغ ہو کر کسی سے بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ یہ کہہ لو ''اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار'' جب تم اس کو کہہ لو گے اور پھر اسی رات کو تمہاری موت آجائے گی تو جہنم سے محفوظ ہو جاؤ گے اور اگر اس دعاء کو سات مرتبہ نماز فجر کے بعد کسی سے بات کئے بغیر کہہ لو گے اور اسی دن مر جاؤ گے تو جہنم سے محفوظ رہو گے۔ (ابو دوٗد، ۵۰۷۹)

سورة حم دخان: روزانہ رات کو پڑھ کر سوئیں۔

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص رات کو سورۃ حم دخان پڑھتا ہے تو وہ اس حال میں صبح کرتا ہے کہ اس کے لئے ستر ہزار فرشتے بخشش کی دعاء مانگتے ہیں۔ (ترمذی، ۲۸۸۸)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص جمعہ کی رات کو حم دخان پڑھتا ہے اس کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔ (ترمذی، ۲۸۸۹)

سوتے وقت کے دو وظیفے

تسبیحات فاطمی: ۳۳ مرتبہ "سُبْحَانَ اللهِ" ۳۳ مرتبہ "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" اور ۳۴ مرتبہ "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" پڑھیں۔

فائدہ: ان تسبیحات کے پڑھنے سے ایک ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ (ترمذی، ۳۴۱۰) اور علماء کرام فرماتے ہیں کہ ان تسبیحات کی برکت سے دن بھر کی تھکن بھی دور ہو جاتی ہے۔

دعاء: اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ اِلَيْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ وَاَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ (بخاری، ٦۳۱۵) فائدہ: حدیث سے معلوم ہوتا ہے جس نے یہ دعاء پڑھی پھر اس رات میں مر گیا تو دین فطرت پر مرے گا، اور اگر زندہ رہا تو بہت بڑی خیر ملے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۹)

صحت وعافیت کے لئے دعاء

(۱) اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ (۲) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَافِیَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ (ترمذی، ۳۵۱۲)

جامع دعاء

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَاسَئَلَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَااسْتَعَاذَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْکَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ (ترمذی، ۳۵۲۱)

فضیلت: حضرت ابو امامہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی دعائیں کیں جو ہمیں یاد نہ ہو سکیں تو ہم نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے بہت سی دعائیں کیں ہم یاد نہ کرسکے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتادوں کہ وہ تمام دعاؤں کو جمع کردے وہ یہ ہے کہ یہ دعاء کیا کرو اللھم،،،،، سے آخر تک۔

نیا چاند دیکھنے کی دعاء

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ (مسند احمد، ۱۳۹۷)

کپڑا پہننے کی دعاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص کپڑا پہن کر یہ دعاء پڑھے تو اس کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دے جائیں گے۔ (دارمی، ۲۷۳۲)

نیا کپڑا پہننے کی دعاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ

(ترمذی، ۳۵۶۰)

بارش کی دعاء: اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَّافِعًا (بخاری، ۱۰۳۲)

تیز ہوا اور آندھی کے وقت کی دعاء

(۱) اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رِیَاحًا وَّلَا تَجْعَلْھَا رِیْحًا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رَحْمَۃً وَّلَا تَجْعَلْھَا عَذَابًا (الدعاء للطبرانی، ۹۷۷)

(۲) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ

(مسلم، ۱۵)

آداب دعاء

کھانے پینے اور پہننے میں حرام چیزوں سے اجتناب کرنا، دعاء کے اول وآخر میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرنا اور درود پڑھنا مثلاً ابتداء میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ والسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ آخر میں ''سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ''

دونوں ہاتھوں کو پھیلانا اور کندھوں کے برابر رکھنا، کھلا رکھنا، عاجزی کرنا، انتہائی رغبت واشتیاق سے مانگنا، حضور قلب سے مانگنا، عزم ویقین سے مانگنا، قبولیت کی اچھی امید رکھنا، اصرار کرنا، بار بار مانگنا، گناہ کی دعاء نہ مانگنا، جلدی نہ کرنا اور آخر میں اٰمین کہنا۔

دعاء قبول ہونے کی حالتیں

جس وقت نماز کے لئے اذان دی جائے، اذان اور اقامت کے درمیان فرض نمازوں کے بعد، سجدہ کی حالت میں، ختم قرآن کے بعد، تلاوت قرآن مجید کے بعد، زمزم کا پانی پیتے وقت، مسلمانوں کے جمع ہونے کے وقت، غائب کی غائب کے لئے، میدان جہاد میں، بارش کے وقت، بیت اللہ پر نظر پڑتے وقت مذکورہ بالا حالات میں دعاء زیادہ قبول ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۱۰)

مجلس کے کفارہ کے لئے دعاء

سُبۡحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمۡدِكَ اَشۡهَدُ اَنۡ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ اَسۡتَغۡفِرُكَ وَاَتُوۡبُ اِلَيۡكَ

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے کسی مجلس ذکر میں (مندرجہ بالا) کلمات پڑھے تو یہ کلمات اس کے ذکر پر مہر بن جائیں گے اور جس نے ان کو لغو باتوں کی مجلس میں کہا تو یہ کلمات ان کے لئے کفارہ ہو جائیں گے۔ (ابوداود، ۳۴۲۹)

بازار میں داخل ہوتے وقت کی دعاء

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحۡدَهٗ لَاشَرِيۡكَ لَهٗ لَهُ الۡمُلۡكُ وَلَهُ الۡحَمۡدُ يُحۡيِيۡ وَيُمِيۡتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوۡتُ بِيَدِهِ الۡخَيۡرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيۡرٌ

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بازار میں داخل ہو اور (مندرجہ بالا) کلمات کو پڑھے تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ دس لاکھ نیکیاں لکھ دیں گے اور اس کے دس لاکھ گناہ معاف فرمادیں گے اور اس کے دس لاکھ درجے بلند فرمائیں گے اور اس کے لئے جنت میں

ایک گھر بنادیں گے۔(ترمذی،۳۴۲۹)

خرید وفروخت میں نقصان سے بچنے کے لئے دعاء

بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً (مستدرک حاکم،۱۹۷۷)

جب نیا پھل آئے تو یہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیۡ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیۡ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیۡ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیۡ مُدِّنَا (مسلم،۴۷۳)

جب غصہ آئے تو پڑھے

اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (بخاری،۶۱۱۵)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۱۱)

مسافر کو رخصت کرتے وقت کی دعاء

اَسۡتَوۡدِعُ اللّٰہَ دِیۡنَکَ وَاَمَانَتَکَ وَخَوَاتِیۡمَ عَمَلِکَ (ترمذی، ۳۴۴۳)

مسافر روانہ ہو جائے تو دعاء دیں

اَللّٰھُمَّ اَطۡوِلَہُ الۡبُعۡدَ وَھَوِّنۡ عَلَیۡہِ السَّفَرَ (ترمذی، ۳۴۴۵)
زَوَّدَکَ اللّٰہُ التَّقۡوٰی وَغَفَرَ ذَنۡبَکَ وَیَسَّرَلَکَ الۡخَیۡرَ حَیۡثُ مَاکُنۡتَ (ترمذی، ۳۴۴۴)

مسافر رخصت کرنے والے کو یہ دعاء دے

اَسۡتَوۡدِعُکُمُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَاتَخِیۡبُ وَدَائِعُہٗ (ابن السنی)

سواری پر سوار ہوتے وقت کی دعاء

"بِسۡمِ اللّٰہِ" پڑھیں جب جگہ پر بیٹھ جائیں تو" اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ" کہیں پھر پڑھیں" سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقۡرِنِیۡنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ (ترمذی، ۳۴۴۶)

اس کے بعد تین مرتبہ الحمد للہ، تین مرتبہ اللہ اکبر، اور ایک مرتبہ لا الہ الا اللہ کہیں پھر یہ دعائیں پڑھیں سُبۡحَانَکَ اِنِّیۡ

ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُمَّ
اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ وَالْمَالِ

(ترمذی،٣٤٤٦)

اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَیْنَا السَّفَرَ وَاَطْوِلَنَا الْاَرْضَ اَللّٰهُمَّ
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ (السنن الکبری،١٠٢٦٢)

جب اونچی جگہ چڑھیں تو پڑھیں

اَللّٰهُ اَكْبَرُ (بخاری،٢٩٩٤)

جب نیچے اتریں تو پڑھیں

سُبْحَانَ اللّٰهِ (بخاری،٢٩٩٤)

جب واپس ہو تو پڑھیں

اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ

(ترمذی،٣٤٤٠)

جب کسی جگہ پر ٹھہریں تو پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا
فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (ترمذی،٣٣٨٨)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ سنن وآداب (۱۲)

مرض اور مریض کے متعلق دعائیں اور آداب

